© rasailojaraid.com



تلمیحات کی وضاحت تحقیق الفاظ اصطلاحات کی تشریح، اور ہر غزل کے متعلق بحر و تقطیع کا بیان وغیرہ اہم امور کا اضافہ کرکے کتاب کو بہت زیادہ وقیع و سود مند بنا دیا ہے، ایک مبتدی طالب علم سے لے کر ایک عالم تک، ہر صاحب ذوق اس سے فائدہ اٹھا سکتا ہے، کتاب کے شروع میں دو مشہور علماء ادب کی تقاریظ کے بعد مولانا سعید احمد صاحب ایم۔ اے اڈیٹر برہان کا پُر مغز و بصیرت افروز مقدمہ ہے جس میں صاحب موصوف نے غزلیات نظیری کی شرح پر تبصرہ کرتے ہوئے نظیری کے سوانح حیات بیان کئے ہیں اور نظیری پر اپنی عالمانہ رائے کا اظہار کیا ہے، مجھے امید ہے کہ عام لوگوں کے علاوہ مشرقی امتحانات کے طلباء خصوصیت کے ساتھ اس سے مستفید ہوں گے۔

## گلبانگ آزادی

یہ کتاب آزادی کے موضوع پر ۶۵ معیاری رباعیوں کا بہترین مجموعہ ہے، جو "شاعر برہان" جناب نہال سیوہاروی کی تراوش فکر ہیں، ایک انسان کی سب سے بڑی خلش "غلامی" ہے اور کسی شاعر کی تخیّل میں بلند پروازیوں کے ساتھ جب یہ تڑپ شامل ہو جاتی ہے تو اس کی قوت بیان کی سحر طرازیوں کا کوئی اندازہ نہیں ہو سکتا۔ "گلبانگ آزادی" میں نہال صاحب آپ کو اسی مقام ارفع پر نظر آئیں گے۔ اس مجموعہ کو "مکتبہ برہان" نے پاکٹ سائز پر اعلیٰ ترین کتابت و طباعت اور بہترین کاغذ کے ساتھ شائع کیا ہے، جس کے شروع میں ۱۶ صفحات پر جناب مولانا سعید احمد ایم۔ اے۔ اڈیٹر برہان کا فاضلانہ و عالمانہ مقدمہ ہے۔ جس میں صاحب موصوف نے اردو شاعری اور تغزلی رجحانات پر تاریخی حیثیت سے روشنی ڈالتے ہوئے نہال صاحب کے کلام پر بھی مختصر تنقید کی ہے۔ قیمت مجلد سنہری صرف ۸/

ملنے کا پتہ :- **"مکتبہ برہان" قرول باغ۔ دہلی**



© rasailojaraid.com